LEGAL AID OFFICE

SINDH PRISONS

# جیل کے قوانین

# معافی

یہ معلومات آپکو لیگل ایڈ آفس اور محکمہ جیل خانہ جات - سندھ کے تعاون سے دی گی ہے۔

یہ کتابچہ وومن ڈیولپمنٹ ڈیپارٹمنٹ (حکومت سندھ) کے تعاون سے شائع کیا گیا ہے۔

ہر استثنیٰ اور استحقاق کی صورت میں انسپکٹر جنرل کی سفارشات پر حکومت ایک تہائی عرصے سے زائد معافی دے سکتی ہے۔
زندگی میں ملنے والی عام اور مخصوص دونوں قسم کی معافی اتنی ہوگی کہ عمر قید کی سزا پندرہ سال کی مدت کی قید سے کم نہیں ہوگی۔

## ؟ سزای کی منسوخی اور معافی کا اختیار - معافی کے لیے استثنیٰ

کسی جرم کی پاداش میں جب کسی فرد کو قید خانے کی سزا ہوتی ہے تو صوبائی حکومت کسی بھی وقت غیر مشروط یا جس صورتحال کی وجہ سے اس فرد کو سزا ہوئی ہو، اس کی سزا کی کاروائی کو منظور یا منسوخ یا کسی جرم کی پاداش میں ملنے والی سزا کو مکمل یا جزوی طور پر معاف کر سکتی ہے۔سیکشن 401 (1) سی آر پی سی

## ؟ تعلیم کی معافی کیا ہوتی ہے؟

۔ (اصول 215 جیل مینوئل) مندرجہ ذیل میں درج شدہ امتحانات دینے کے لیے ایک مجرم قیدی کو معافی مل سکتی ہے اگرچہ کہ اس نے یہ امتحان پہلے پاس نہ کیا ہو اور اس کے اچھے کردار کی تصدیق سپرنٹنڈنٹ نہ کردے۔

| نمبر | امتحان کا نام |
|---|---|
| ۱ | یونیورسٹی کا امتحان |
| ۲ | بورڈ آف سیکنڈری ایجوکیشن کا امتحان |
| ۳ | ڈائیریکٹر/ڈسٹرکٹ آف ایجوکیشن کا امتحان |
| ۴ | ڈسٹرکٹ ایجوکیشن افسر کا امتحان |
| ۵ | علاقائی زبانوں کا امتحان(عربی، اردو، بنگالی، پنجابی، فارسی، سندھی اور پشتو)۔ |
| ۶ | پرائمری جماعت کا امتحان |
| ۷ | قرآن پاک کی تلاوت کا امتحان |
| ۸ | قرآن پاک کو اس کے معنوں کے ساتھ سمجھنا |
| ۹ | قرآن پاک حفظ کرنا |
| ۱۰ | ہندو اور عیسائی قیدیوں کے لیےگیتا اور بائبل پڑھنا اور سیکھنا |

## ؟ کیا میں خون کا عطیہ کرنے کی صورت میں معافی کا اہل ہوں؟

جیل مینول 2011 اصول212(1)۔طبّی صحت کے لحاظ سے ایک مجرم قیدی کو یہ اجازت ہوگی کہ وہ خون کا عطیہ دے اور اس صورت میں اسے تین دنوں کی اضافی معافی دی جائے گی۔

| نمبر | قید کی مدت | قید کی نوعیت | خون کے ہر عطیے کے دوران اجازت شدہ وقفہ | خون کے عطیے کی حد |
|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۔1 ماہ سے 6 ماہ تک | سادہ یا بامشقت یا جرمانے کے بجائے | -- | صرف ایک بار |
| ۲ | ۔6 ماہ سے زائد 5 سال تک | سادہ یا بامشقت یا جرمانے کے بجائے | چھ ماہ | تین بار |
| ۳ | ۔ 5سال سے زائد | بامشقت | چھ ماہ | چار بار |

## معافی کیا ہوتی ہے؟

معافی ایک ایسا نظام ہے کہ جب کسی قیدی کو جیل میں ایک بار یا بار بار کی سزا میں بھیجا جائے تو وہ جلد رہائی کا حقدار بن سکے۔معافی صرف اس صورت میں ممکن ہے کہ جب کوئی قیدی اپنی سزا کی ایک تہائی مدت پوری کرچکا ہو۔(اصول 19 جیل مینوئل)۔

## مجھے معافی کس طرح مل سکتی ہے؟

مندرجہ ذیل اسکیل کےمطابق کسی قیدی کو عام معافی دی جاسکتی ہے:۔

- اچھے اخلاق اور جیل کے تمام اصولوں پر توجہ سے عمل کرنے پر مہینے میں دو دن۔
- محنت مشقت اور روزانہ کے بیان شدہ کام کے لیے مہینے میں تین دن۔

۔(اصول204جیل مینوئل)۔جیل میں آنے ولے کسی قیدی کو عام معافی مندرجہ ذیل میں دی گئی ہر درجہ بندی کے مطابق دی جائے گی:۔

| نمبر | ڈیوٹی | اچھے کردار کی معافی | کام کے معافی | ماہانہ معافی |
|---|---|---|---|---|
| 1 | مقدم | 2 دن | 5 دن | 7 دن |
| 2 | نمبردار | 2 دن | 4 دن | 6 دن |
| 3 | شن پوش | 2 دن | 6 دن | 8 دن |
| 4 | باورچی | 2 دن | 5 دن | 7 دن |
| 5 | استاد | 2 دن | 6 دن | 8 دن |
| 6 | جھاڑو دینے والا | 2 دن | 6 دن | 8 دن |
| 7 | مستری، نائی، ہسپتال کا عملہ، صفائی والا اور ایسے قیدی جو اتوار اور چھٹی والے دنوں میں کام کرتے ہیں | 2 دن | 4 دن | 6 دن |
| 8 | فیکٹری میں مزدوری | 2 دن | 3 دن | 5 دن |

## معافی کا تعین کیسے کیا جاتا ہے؟

قیدی کی سزا ملنے کی تاریخ کے بعد اگلے ماہ کے پہلے دن سے معافی کا تعین کیاجائے گا۔

ایسا قیدی جو ضمانت پر رہائی حاصل کرنے کے بعد یا جس کی سزا وقتی طور پر منسوخ کی گئی ہواور بعد میں جیل لایا گیا ہو اسے جرم کرنے کے بعددوبارہ جیل میں آنے کے بعد مہینے کے پہلے دن سے معافی دی جائے گی اور جیل میں واپسی پر اسے کسی بھی معافی کا فائدہ دیا جائے گا کہ جسے وہ اپنی رہائی ، ضمانت یا سزا کی کی منسوخی پر حاصل کرچکا ہو۔

جیل میں ملازمت کرنے والے قیدیوں کو دی جانے والی معافی کااگلے ماہ کے پہلے دن سے حساب لگایا جائے گا۔(اصول 206 جیل مینوئل)۔

## اچھے اخلاق کی سالانہ معافی کیا ہوتی ہے؟

ان قوانین کے تحت ہر وہ قیدی عام معافی کا اہل ہے جس کی سزا کی تاریخ کے فوری بعدشروع ہونے والے مہینے کی پہلی تاریخ سے ایک سال تک، یا جیل میں دوبارہ قیدہونے کے بعد ایک سال تک یا جس تاریخ کو اسےماضی میں سزا دی گئی اس کے بعد ایک سال تک اگراس نے جیل میں کوئی جرم نہ کیا ہو تواسے پندرہ دن کی عام معافی اوراس کے ساتھ ان قوانین کے تحت حاصل ہونے والی دیگر معافی بھی دی جائے گی۔

مثال: ایک قیدی جس کو 14جولائی 2016 کو دو سال کی قید بامشقت کی سزا ہوئی ہو وہ یکم اگست 2017کو اچھے اخلاق کی سالانہ معافی کا اہل ہوجاتا ہے اگرچہ اس نے اس عرصے میں جیل میں کوئی جرم نہ کیا ہو۔

وہ قیدی جو اپنی سزا کے تین سال مکمل کرلے اور اس عرصے میں جیل میں کوئی جرم نہ کرے تو اسے اس کی سزا کے تین سال مکمل ہونے پر اچھے اخلاق کی وجہ سے تیس دنوں کی عام معافی کے ساتھ ساتھ سالانہ 15 دنوں کی معافی بھی دی جائے گی لیکن ان قوانین کے تحت دی گئی مجموعی عام معافی کسی بھی صورت میں منظور شدہ زیادہ سے زیادہ معافی سے تجاوزنہ کرے۔ (اصول 211 جیل مینوئل)۔

## دیگر مخصوص معافیاں بھی ہوتی ہیں؟

۔(اصول 214 جیل مینوئل) کسی بھی قیدی کو مخصوص معافی دی جاسکتی ہے اگرچہ وہ عام معافی کا اہل ہو یا نہ ہو مثلاً:۔

- دیگر قیدیوں کو پڑھانے لکھانے کے لیے محنت کرنا
- کسی امتحان کو پاس کرنے کے لیے پڑھنے اور لکھنے کی مخصوص اہلیت دکھانا
- کامیابی سے دستکاری سکھانا
- کام میں خصوصی مہارت یا کام میں زبردست عمدگی پیدا کرنا
- کسی حملے سے جیل کے افسر یا قیدی کو بچانا
- کسی ہنگامی صورتحال میں جیل کے افسر کی خصوصی مدد کرنا
- کپڑوں کے استعمال میں خصوصی کفایت شعاری برتنا
- جیل کے نظم و ضبط یا قوائد و ضوابط کی خلاف ورزی کی شناخت میں مدد کرنا
- پابندی سے نماز پڑھنا اور رمضان کے روزے رکھنا

## مجموعی معافی کی حدکیا ہوسکتی ہے؟

اصول 217 جیل مینوئل)اصول 212 کے تحت دی جانے والی خون کے) عطیے کی معافی، اصول 213کے تحت سرجری کی معافی اور اصول 215 کے تحت امتحان پاس کی معافی کے علاوہ،ان قوانین کے تحت کسی قیدی کو دی جانے والی مجموعی معافی قیدی کی سزا کی ایک تہائی مدت سے زیادہ نہیں ہوگی۔